درس بیستم

بیسواں سبق

در کلاس

(کلاس میں)

مصنف: معین نظامی

متن فارسی:

استاد: احمد! چرا امروز دیر آمدی؟
احمد: معذرت می خواهم' استاد!تقریباً بیست دقیقه منتظر وسیله ای بودم.
استاد: حالا با چه وسیله آمدی؟
احمد: متأسفانه هیچ چیزی پیدا نشد' پیاده آمدم.
استاد: معمولاً با چه وسیله می آیید؟
احمد: آقا، معمولاً با اتوبوس خط ۳۳ می آیم.
استاد: مگر منزل شما از دانشکده خیلی دور است؟
احمد: بله آقا' آن طرف شهر است و گاهی وسیله ای گیر نمی آید.
استاد: خیلی خوب' درس امروز خیلی مفید بود. یادداشتهای یکی از همکلاسان را حتماً از او می گیری و از رویش می نویسی' یادت نرود.
احمد: چشم' همین الان می گیرم.

☆☆☆

مشکل الفاظ کے معانی

معانی	الفاظ	معانی	الفاظ
روٹ نمبر ۳۳	خط ۳۳	معذرت چاہتا ہوں	معذرت می خواہم
کیا	مگر	بیس	بیست
کالج	دانشکدہ	منٹ	دقیقہ
کبھی	گاہی	سواری	وسیلہ
دستیاب نہیں ہوتی	گیر نمی آید	بدقسمتی سے	متأسفانہ
نوٹس	یادداشتہا	کوئی چیز	ہیچ چیزی
ہم جماعت	ھم کلاسان	پیدل	پیادہ
ابھی	ھمین آلان	عام طور پر	معمولاً

☆☆☆

ترجمہ:

استاد: احمد تو آج دیر سے کیوں آیا؟

احمد: میں معذرت چاہتا ہوں، استاد صاحب! تقریباً بیس منٹ کسی سواری کے انتظار میں تھا۔
استاد: اب تو کس سواری سے آیا ہے۔
احمد: بدقسمتی سے کچھ نہیں ملا، پیدل آیا ہوں۔
استاد: آپ عام طور پر کس سواری سے آتے ہیں؟
احمد: جناب عام طور پر روٹ نمبر ۳۳ کی بس سے آتا ہوں۔
استاد: کیا تمہارا گھر کالج سے بہت دور ہے؟
احمد: ہاں جناب، شہر کے اس طرف ہے اور کبھی سواری نہیں ملتی۔
استاد: بہت خوب، آج کا سبق بہت مفید تھا۔ اپنے ہم جماعتوں میں سے کسی سے اس کے نوٹس ضرور لے لینا اور انہیں دیکھ کر لکھ لینا۔ بھولنا مت۔
احمد: جی بہتر، میں ابھی لے لیتا ہوں۔

☆☆☆

متن فارسی:

طاهر: ببخشید استاد، من یک پرسش دارم، اجازه هست بگویم؟
استاد: بله، اشکالی ندارد، بفرمایید.
طاهر: می خواستم اطلاعاتی راجع به کشور ایران داشته باشم.
استاد: خوب، کشور اسلامی ایران یکی از قدیمی ترین کشورهای دنیاست. ایران دوست و همسایه پاکستان است. تهران بزرگترین شهر و پایتخت کشور است. ایران دارای ۲۴ استان است. شیراز، اصفهان، تبریز، مشهد، رشت و کرمان شهرهای مهم ایران هستند.
طاهر: زبان رسمی کشور چیست؟
استاد: آفرین، سوال خیلی خوبی مطرح کردید! در ایران زبانها و گویشهای زیادی وجود دارد، اما زبان فارسی، زبان رسمی کشور است و می دانید که این زبان چه اندازه آسان و شیرین است.
طاهر: آقا، وضع صنعتی کشور چطور است؟
استاد: ایران در زمینه صنعت هم پیشرفت های زیادی کرده است و وضع صنعتی آن خیلی قوی است.
طاهر: خیلی ممنون، استاد، لطف فرمودید، ممنونم!
استاد: خواهش می کنم. خوب بچه ها خدا نگهدار!
کلاس: خدا حافظ

☆☆☆

مشکل الفاظ کے معانی

معانی	الفاظ	معانی	الفاظ
آپ نے پیش کیا	مطرح کردید	معاف کیجئے	ببخشید
بولیاں	گویشہا	سوال	پرسش
ملک	کشور	جی ہاں	بلہ
صنعتی حالت	وضع صنعتی	کوئی حرج نہیں	اشکالی ندارد
کیسے ہے؟	چطور است؟	سوال کریں	بفرمایید
کے میدان میں	درزمینہ	کے بارے میں	راجع بہ
ترقی	پیشرفت	دارالحکومت	پایتخت
آپ نے مہربانی کی	لطف فرمودید	صوبہ	استان
شکرگزار ہوں	ممنونم	اہم	مہم
کوئی بات نہیں	خواہش می کنم	سرکاری زبان	زبان رسمی

☆☆☆

ترجمہ:

طاہر: معاف کیجئے استاد صاحب! میں ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں۔ کہنے کی اجازت ہے؟

استاد: ہاں، کوئی حرج نہیں، سوال کریں۔

طاہر: میں چاہتا تھا ملک ایران کے بارے میں معلومات حاصل کروں۔

استاد: خوب، اسلامی ملک ایران، دنیا کے قدیم ترین ملکوں میں سے ایک ہے۔ ایران، پاکستان کا دوست اور ہمسایہ ملک ہے۔ تہران ملک کا سب سے بڑا شہر اور دارالحکومت ہے۔ ایران کے ۲۴ صوبے ہیں۔ شیراز، اصفہان، تبریز، مشہد، رشت اور کرمان ایران کے اہم شہر ہیں۔

طاہر: ملک کی سرکاری زبان کیا ہے؟

استاد: شاباش، تم نے بہت اچھا سوال پیش کیا۔ ایران میں بہت سی زبانیں اور بولیاں ہیں۔ لیکن فارسی زبان ملک کی سرکاری زبان ہے اور آپ جانتے ہیں کہ یہ زبان کس قدر آسان اور میٹھی ہے۔

طاہر: جناب ملک کی صنعتی حالت کیسی ہے؟

استاد: ایران نے صنعت کے میدان میں بھی بہت زیادہ ترقی کی ہے اور اس کی صنعتی حالت بہت مضبوط ہے۔

طاہر: بہت شکریہ، استاد صاحب! آپ نے مہربانی فرمائی۔ میں ممنون ہوں۔

استاد: کوئی بات نہیں، اچھا نوجوانو، خدا حافظ۔

کلاس: تمہارا خدا حافظ۔

☆☆☆

تمرین کا حل

(۱)

سوال ۱: احمد کو کیوں دیر ہو گئی تھی؟

جواب: احمد کالج سے بہت دور رہتا تھا۔ اسے کالج آنے کیلئے کوئی سواری نہ مل سکی اس لیے وہ پیدل کالج آیا اور اسے دیر ہو گئی۔

سوال ۲: استاد نے طاہر کو ایران کے بارے میں کیا بتایا؟

جواب: استاد نے طاہر کو بتایا کہ ایران ایک اسلامی ملک ہے اور دنیا کے قدیم ترین ملکوں میں سے ہے۔ تہران ملک کا سب سے بڑا شہر اور دارالحکومت ہے۔ ایران کے ۲۴ صوبے ہیں۔ شیراز' اصفہان' تبریز' مشہد' رشت اور کرمان ایران کے اہم شہر ہیں۔ ایران میں ویسے تو بہت سی زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں مگر فارسی ملک کی سرکاری زبان ہے۔ یہ زبان بہت آسان اور میٹھی ہے۔ صنعتی میدان میں بھی ایران بہت مضبوط ہے۔

سوال ۳: ایران کے پانچ بڑے شہروں کے نام لکھیے۔

جواب: تہران' مشہد' تبریز' رشت' اصفہان

سوال ۴: سبق میں آنے والے محاورے الگ سے لکھیے اور یاد کیجئے۔

جواب:

۱۔ گیر آمدن	(دستیاب ہونا)
۲۔ یادت نرود	(بھولنا مت)
۳۔ چشم	(جی بہتر)
۴۔ ببخشید	(معاف کیجئے)
۵۔ اشکالی ندارد	(کوئی حرج نہیں)
۶۔ بفرمایید	(فرمائیں)
۷۔ خوب	(اچھا)
۸۔ آفرین	(شاباش)
۹۔ خواہش می کنم	(کوئی بات نہیں)

سوال ۵: "بفرمایید" کہاں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: فارسی زبان میں یہ لفظ کثیر الاستعمال ہے۔ کسی کو کمرے سے باہر جانے کیلئے کہنا ہو تو "بفرمایید" کہتے ہیں۔ کسی کو کمرے کے اندر آنے کا کہنا ہے تو بھی "بفرمایید" کہتے ہیں۔ کھانا سامنے رکھا ہو اور مہمان کو کھانا شروع کرنے کا کہنا ہو تو "بفرمایید" کہتے ہیں۔ کوئی شخص سوال کرے یا کسی کا فون آئے تو بھی "بفرمایید" کہتے ہیں یعنی فرمائیے۔ اسی طرح آپ دکاندار کو پیسے دے رہے ہوں تو بھی "بفرمایید" کہیں گے۔ یہاں بفرمایید لیجئے کے معنی دے گا۔ غرض بفرمایید مختلف جگہوں پر مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور بہت کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔

(۲)

سوال ۱: فارسی میں ترجمہ کیجئے۔

میرا نام مریم ہے۔ ہم تین بہن بھائی ہیں۔ میرے والد ایک ریٹائرڈ سرکاری ملازم ہیں۔ ہم کراچی میں رہتے ہیں۔ میں گورنمنٹ گرلز کالج میں سال اول کی طالبہ ہوں۔ کالج میرے گھر سے زیادہ دور نہیں ہے۔ میں اکثر پیدل کالج جاتی ہوں۔ کبھی کبھی مجھے ابو گاڑی میں پہنچا دیتے

ہیں۔ میں کلاس میں کبھی دیر سے نہیں گئی۔ ہمیشہ وقت پر پہنچتی ہوں۔

ترجمہ:

اسم من مریم است . ما سه خواهر و برادر هستیم. پدرم کارمند دولتی بازنشسته است . ما در کراچی زندگی می کنیم . من در دانشکده دولتی دختران' دانشجوی سال اول هستم . دانشکده از منزل ما زیاددور نیست . من اغلب پیاده به دانشکده می روم. گاه گاهی پدر مرا با ماشین میر ساند.من هیچگاه دیر به کلاس نرفتم. همیشه سروقت می رسم .

معروضی سوالات

1: کثیر الانتخابی سوالات(Multiple Choice Questions)

☆ ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں . ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے. درست جواب پر نشان(✓)لگائیے:

-1 ☆سبق "درکلاس" میں شاگرد طاہر نے اپنے استاد سے کس ملک کے بارے میں معلومات حاصل کیں؟

(الف) افغانستان (ب) عراق (ج) ایران ✓ (د) شام

-2 ☆شاگرد "احمد" عام طور پر کس روٹ کی بس پر سوار ہو کر کالج آتا تھا؟

(الف) روٹ نمبر 5 (ب) روٹ نمبر 55 (ج) روٹ نمبر 43 (د) روٹ نمبر 33 ✓

-3 ☆ایران کا دارالحکومت کون سا ہے؟

(الف) زاہدان (ب) تہران ✓ (ج) اصفہان (د) کرمان

-4 ☆ایران کے کتنے صوبے ہیں؟

(الف) چوبیس ✓ (ب) بارہ (ج) چھ (د) چار

-5 ☆ایران نے کس میدان میں ترقی کی ہے؟

(الف) تجارت (ب) صنعت ✓ (ج) زراعت (د) دفاع

☆☆☆☆☆

www.downloadclassnotes.com